F.6-4 (Edit)/2021 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 24/12/2021

مالیگاؤں قومی اردو کتاب میلہ: ساتواں دن خواتین کے لیے مخصوص رہا، کثیر تعداد میں کتابوں کی خریداری

الخدمت خواتین گروپ اور مومن گرلز ہائی سکول کی پرنسپل جویریہ قاضی کی شرکت

مالیگاؤں: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے زیر اہتمام مالیگاؤں میں جاری چوبیسواں کتاب میلہ نہایت آب وتاب سے جاری ہے اور مالیگاؤں کے علاوہ مہاراشٹر، گجرات، تلنگانہ وغیرہ ریاستوں کے شائقینِ علم وادب بھی اس میلے سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ یوں تو اس میلے میں روزانہ مردوں کے ساتھ خواتین بھی آ رہی ہیں اور اپنی پسند کی کتابیں خرید رہی ہیں، مگر میلے کا ساتواں دن یعنی 24 دسمبر خواتین کے لیے مخصوص رہا اور آج صرف خواتین میلے میں شریک ہوئیں اور انھوں نے کتابوں کی خریداری کی۔ قابلِ ذکر ہے کہ قومی کونسل کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا یہ چوبیسواں کتاب میلہ ہے، اس سے پہلے کونسل مہاراشٹر کے علاوہ دوسرے کئی صوبوں میں کتاب میلے منعقد کر چکی ہے۔ مالیگاؤں کا یہ میلہ اس اعتبار سے سابقہ کتاب میلوں سے مختلف اور اب تک کے تمام میلوں سے بڑا ہے کہ اس میں ملک بھر کے 160 سے زائد پبلشرز کے بک سٹالز لگائے گئے ہیں جہاں علم وادب، تحقیق وتنقید، سائنس، طب، فلسفہ اور دیگر دسیوں موضوعات پر لاکھوں کتابوں کا ذخیرہ ہے، جس سے لوگ خاطر خواہ استفادہ کر رہے ہیں۔ آج ساتویں دن میلے میں الخدمت خواتین گروپ نے بھی شرکت کی۔ یہ گروپ خواتین کے درمیان تعلیمی وسماجی بیداری کے لیے کام کرتا ہے اور مالیگاؤں کی سطح پر اس کی خدمات کا قابلِ تعریف ریکارڈ ہے۔ قومی اردو کونسل کے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب اجمل سعید نے خواتین گروپ کی سربراہ محترمہ علقمہ اور ان کے ساتھ آنے والی رضا کاروں کا پرتپاک استقبال کیا اور میلے میں شرکت کے لیے ان کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا۔ انھوں نے کونسل کے ذریعے منعقدہ کتاب میلے میں آ کر قلبی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے سات سال بعد دوبارہ یہاں کتاب میلہ منعقد کرنے پر قومی کونسل کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ کتاب میلہ ہمارے لیے مختلف موضوعات پر عمدہ کتابوں کے حصول کا بہترین موقع ہے، ہمیں اس موقعے کا خوب فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اس کے علاوہ مومن گرلز ہائی سکول بھیونڈی کی پرنسپل اور مشہور قلم کار محترمہ جویریہ قاضی بھی آج کے میلے میں شریک ہوئیں جن کا کونسل کے سپرنٹنڈنٹ منیر انجم نے گلدستہ پیش کر کے استقبال کیا۔ آج کا دن چونکہ خواتین کے لیے مخصوص تھا اس لیے سکیورٹی وغیرہ کے فرائض الخدمت خواتین گروپ کے سپرد کیے گئے تھے جنھیں گروپ کی رضا کاروں نے بحسن وخوبی انجام دیا۔

(رابطہ عامہ سیل)